(پریس ریلیز)

باتسلیمات پبلک ریلیشنز آفیسر آفس پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

آج مورخہ 29.01.2024 ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر لاہور امتیاز رسول چیمہ کی دعوت پر معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر آفس لاہور کا دورہ کیا اور سہولت مرکز کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں جناب قیصر نذیر بٹ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور، بلال صدیق کمیانہ سی سی پی او لاہور، عمران کشور DIG انویسٹی گیشن، ڈاکٹر انوش مسعود SSP لاہور، منیر احمد بھٹی صدر ڈسٹرکٹ بار لاہور، ممبران پنجاب بار کونسل و پاکستان بار کونسل اور دیگر ممبران بار ایسوسی ایشن لاہور سمیت وکلاء کی کثیر تعداد اور معزز پراسیکیوٹرز اور پراسیکیوشن عملے نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر لاہور نے سہولت مرکز کے قیام اور کام کے متعلق شرکاء کو آگاہی دی۔ معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے سہولت مرکز کے قیام پر میڈیا سے خصوصی خطاب کیا اور پراسیکیوشن سہولت مرکز پر میسر سہولیات:

1. ایف آئی آر، پی ایم آر، ایم ایل سی، 161 یا 164 کے تحت درج بیانات کی کاپیاں فراہم کرنا
2. سکروٹنی چالان کے دوران ابتدائی چارج کو شامل کرنے، حذف کرنے یا اس میں ترمیم کرنے کے لیے مناسب ہدایات دینا
3. ملزم کے حق میں اگر ثبوت موجود ہوں تو انہیں ریکارڈ کرنے اور صفحہ مثل پر لانے کے لیے مناسب ہدایت جاری کرنا
4. ملزم کا ابتدائی بیان ریکارڈ کرنے کے لیے مناسب ہدایت جاری کرنا

5. اگر کیس کے حالات کے مطابق ضرورت ہو تو مخالف فریق کے موقف کو ریکارڈ کرنے کے لیے مناسب ہدایات جاری کرنا
6. تفتیش کی تکمیل اور مقررہ مدت کے اندر چالان جمع کرانے کے لیے تفتیشی آفسران کو مناسب ہدایات جاری کرنا
7. پراسیکیوشن ریکارڈ کے لیے علیحدہ نقل مثل کی تشکیل برائے دفتری ریکارڈ
8. ایف آئی آر کے اندراج سے لے کر چالان کی تکمیل تک تفتیشی آفسران کو مکمل مدد، پری ٹرائل پراسیکیوٹرز دفتری اوقات میں پولیس آفسران کے ساتھ تعاون کے لیے دستیاب ہوں گے۔
9. اگر فائل میں ملزم کو مبینہ جرائم سے جوڑنے کے لیے کافی ثبوت دستیاب نہ ہوں تو پری ٹرائل پراسیکیوٹر مقدمہ عدالت میں نہ چلانے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔
10. پراسیکیوشن عملہ کے خلاف شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا جائے گا۔
11. ناقص تفتیش کی صورت میں مناسب کارروائی کا مراسلہ جاری کرنا۔
12. مزید شواہد اکٹھا کرنے کے لیے مناسب ہدایات کا اجراء
13. دستیاب شواہد کے تحفظ کے لیے مناسب ہدایات کا اجراء
14. بروقت رپورٹس فراہم کرنے کے لیے پی ایف ایس ایل کو مناسب ہدایت جاری کرنا
15. طبی ماہرین کو ان کی ماہرانہ آراء کی وضاحت کے لیے مناسب ہدایت جاری کرنا کے متعلق آگاہی دی۔

ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر لاہور کو تعریفی سرٹیفیکیٹ بھی جاری کیا گیا۔

اس موقع پر سلطان اکبر چٹھہ، احمد سعید اور ارشد فاروقی صاحب ڈپٹی پراسیکیوٹرز جنرل پنجاب بھی معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے ہمراہ تھے۔

از دفتر سلطان اکبر چھٹہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب پی آر او ٹو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب